فوری ریلیز کے لیے: 8/9/2022 گورنر ***KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے پانچ طویل دورانیے کے توانائی کے ذخیرے کے پروجیکٹس کے لیے $16.6 ملین کے ایوارڈز کا اعلان کیا ہے

نیویارک کے الیکٹرک گرڈ کو قابل تجدید توانائی کے استعمال اور ذخیرہ شدہ توانائی فراہم کرنے میں مدد کے پروجیکٹس

طویل مدتی توانائی ذخیرہ کرنے کے حل کے لیے اب اضافی $17 ملین دستیاب ہیں

2030 تک 3,000 میگاواٹس توانائی کے ذخیرے کی تنصیب کے لیے آب و ہوا کی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ کے ہدف کی معاونت کرتا ہے اور 6,000 میگاواٹس تک مزید سہولت دینے میں مدد کرتا ہے۔

گورنر Kathy Hochul نے آج پانچ طویل دورانیے کے توانائی ذخیرہ کرنے کے پروجیکٹس کے لیے $16.6 ملین کے ایوارڈز کا اعلان کیا جو قابل تجدید توانائی کو بروئے کار لانے اور نیویارک کے الیکٹرک گرڈ کو ذخیرہ شدہ توانائی فراہم کرنے میں مدد کریں گے۔ گورنر Hochul نے ان منصوبوں کے لیے $17 ملین کی اضافی مسابقتی فنڈنگ کا بھی اعلان کیا جو ہائیڈروجن سمیت، طویل مدتی توانائی ذخیرہ کرنے والی جدید ٹیکنالوجیز کی ترقی اور مظہر کاری کو جلا بخشتی ہے۔ پروجیکٹس 2030 تک 6,000 میگاواٹس تک مزید سہولت دینے میں مدد کے دوران 3,000 میگاواٹ توانائی کے ذخیرے کی تنصیب کے لیے آب و ہوا کی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ کے ہدف کی حمایت کریں گے۔

"موسمیاتی تبدیلیوں سے مقابلہ کرنے کے لیے توانائی کے ذخیرہ کرنے کے طریقے کو تبدیل کرنے اور صاف توانائی کی معیشت میں منتقلی کے لیے اختراعی، دور اندیش حکمت عملیاں اہم ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "نیویارک صاف توانائی میں جرات مندانہ سرمایہ کاریاں کر رہا ہے، اور یہ $16.6 ملین کے ایوارڈز ایسے پروجیکٹس کے لیے ہیں جو قابل تجدید توانائی کو بروئے کار لاتے ہیں اور طویل مدتی توانائی کے ذخیرہ کرنے کے کم استعمال شدہ حل ریاست کے آب و ہوا اور توانائی کے بلند حوصلہ اہداف کو پورا کرنے کے لیے ایک گیم چینجر ثابت ہوں گے۔ نئی اور زیادہ پائیدار توانائی ذخیرہ کرنے والی ٹیکنالوجیز کو آگے بڑھا کر، ہم نیویارک کے لیے ایک مزید صاف ستھرے، سرسبز مستقبل کی شروعات کر رہے ہیں۔"

گورنر Hochul نے آج کا اعلان نیویارک شہر میں 2022 ایڈوانسڈ انرجی کانفرنس میں کیا۔ یہ ایوارڈز اور نئی فنڈنگ ریاست نیویارک کی توانائی کی تحقیقی و ترقیاتی اتھارٹی (New York State Energy Research and Development Authority, NYSERDA) کے زیر انتظام قابل تجدید استعمال اور توانائی ذخیرہ کرنے کے اختراعی پروگرام (Renewable Optimization and Energy Storage Innovation Program) کے ذریعے دستیاب بنائے جا رہے ہیں۔ ایوارڈز اور فنڈنگ قابل تجدید توانائی کے انضمام کو آگے بڑھائیں گے اور فوسل فیولز پر انحصار سے نقصان دہ اخراج کو کم کریں گے۔ ایوارڈز کی مد میں $16.6 ملین درج ذیل پروجیکٹس کو معاونت فراہم کریں گے:

- **بوریگو سولر سسٹمز، انکارپوریشن - 2.7$ ملین** - نیویارک شہر میں چھ گھنٹے کے زنک ہائبرڈ کیتھوڈ توانائی کے ذخیرہ کاری کے نظام کے فیلڈ مظاہرے انجام دینے کی خاطر دو خود مختار توانائی کے ذخیرہ کاری کے نظام تیار کرنے، ڈیزائن کرنے اور تعمیر کرنے کے لیے، جو یہ ظاہر کرنے میں مدد دیں کہ لیتھیم آئن کے ساتھ زنک ہائبرڈ ٹیکنالوجی معاشی طور پر مسابقت پذیر ہے۔
- ***JC سولوشنز، LLC dba RCAM ٹیکنالوجیز - 1.2$ ملین*** - ایک D3 کنکریٹ پرنٹڈ میرین پمپڈ ہائیڈروالیکٹرک ذخیرہ کاری نظام تیار کرنے کے لیے جو گرڈ لچک کی معاونت میں اندرون سمندر توانائی پیدا کرنے کے نظام کی تخلیق (offshore wind development) کے ساتھ براہ راست مربوط ہو اور انتہائی برقی طلب کو پورا کرنے کے لیے فوسل فیول پلانٹس پر انحصار کم کرے۔
- **نائن مائل پوائنٹ نیوکلیئر اسٹیشن، LLC- $12.5 ملین** - نیویارک آزادانہ سسٹم آپریٹر الیکٹرک گرڈ سے اخراج کو کم کرنے میں مدد کے لیے نیوکلیئر ہائیڈروجن فیول کے بل پر انتہائی پاور جنریشن کو طویل مدتی ہائیڈروجن توانائی کے ذخیرہ کار یونٹ کے ساتھ ملانے کا مظاہرہ کرنے کے لئے۔
- **پاور ٹو ہائیڈروجن - 100,000$** - ہائیڈروجن کی پیداوار اور توانائی کے ذخیرے کے لیے ایک ریورس ایبل فیول سیل سسٹم تیار کرنے کے لیے جسے صاف توانائی کا برج (Clean Energy Bridge) کہا جاتا ہے، بنانے کے لئے اور اظہار اور تجارتی طور پر اپنانے کے لیے سسٹم کی تیاری کو سہولت پذیر کرنے میں مدد کے لئے۔
- **ROCCERA, LLC - $100,000** – ایک نئے تجارتی لحاظ سے قابل عمل سالڈ آکسائیڈ الیکٹرولائزر سیل پروٹوٹائپ کا، قابل توسیع، زیادہ موثر مینوفیکچرنگ عمل کے ساتھ صاف ہائیڈروجن کی پیداوار کی خاطر، جائزہ لینے اور اس کا مظاہرہ کرنے کے لیے۔

اضافی 17$ ملین مسابقتی فنڈنگ سے مزید مصنوعات کی تخلیق اور توانائی کے ذخیرے کے مظاہراتی پروجیکٹس کی حوصلہ افزائی ہو گی جو کہ ریٹ کردہ بجلی پر 10 سے 100 گھنٹے سے زائد کا دورانیہ رکھتے ہیں، بصورت دیگر طویل دورانیے کے توانائی کے ذخیرے کے طور پر جانے جاتے ہیں۔ پروجیکٹ کے مفروضوں کو ہائیڈروجن، الیکٹرک، کیمیکل، مکینیکل یا تھرمل الیکٹرک ذخیرہ کار ٹیکنالوجیز کو آگے بڑھانا، تیار کرنا یا فیلڈ ٹیسٹ کروانا چاہیئے جن سے نیویارک شہر میں لاگت، کارکردگی، سائٹنگ اور قابل تجدید انضمام کے چیلنجز، جیسا کہ گرڈ کی کثرت، استعدادی رکاوٹوں پر قابو پانے کی صلاحیت اور لیتھیم آئن سائٹنگ کے معاملے حل ہوں گے۔ مفروضات میں صرف اختراعی، طویل مدتی توانائی ذخیرہ کرنے والی ٹیکنالوجیز شامل ہونی چاہیئیں جن کا تجارتی قرار پانا ابھی باقی ہے۔ درج ذیل پروجیکٹ زمرہ جات کے لیے ایوارڈز تیار کیے جائیں گے: مصنوعات کی فروغ، پروجیکٹس کے عملی مظاہرے اور وفاقی لاگتی اشتراک۔ 17 اکتوبر، 2022 تک تجاویز قبول کی جائیں گی۔ اس درخواست کے لیے اضافی معلومات NYSERDA کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

ریاست نیویارک محکمہ برائے توانائی کی تحقیق اور ترقی کی صدر اور CEO اور آب و ہوا کی اقدامی کونسل کی شریک چیئر، Doreen M. Harris نے کہا، "ان پروجیکٹس کے ذریعے فروغ پانے والی ٹیکنالوجیز اور کارروائیاں گورنر Hochul کے اختراع کاری کی معاونت کرنے کے عزم کا مظہر ہیں جس سے مصنوعات کی تخلیق کے فروغ اور ایسے حل تلاش کرنے میں معاونت ملتی ہے جو ہماری صاف توانائی کی جانب منتقلی میں مدد کریں۔ اس قسم کی فنڈنگ معاونت اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اہم ہے کہ شمسی یا ہوائی ذریعے سے ذخیرہ شدہ قابل تجدید توانائی طویل عرصے تک دستیاب رہے اور مستقبل کے قابل اعتماد گرڈ کو یقینی بنانے کے لیے استعمال کی جا سکے۔"

ہائیڈروجن پر مبنی پراجیکٹس سمیت، طویل مدتی اسٹوریج ٹیکنالوجیز کے لیے فنڈنگ، ریاست کی مجموعی ڈی کاربنائزیشن حکمت عملی اور سرگرمیوں کی معاونت کرتی ہے تاکہ اخراج کو کم کرنے اور قابل تجدید وسائل کا مزید انضمام کرنے میں ہائیڈروجن کے کردار کو جانا جا سکے۔ ان سرگرمیوں میں شامل ہیں:

- گورنر Hochul نے NYSERDA، ریاست نیویارک کے عوامی خدمت کے محکمے (New York State Department of Public Service) اور ریاست نیویارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ (New York State Department of Environmental Conservation)

کو ایک انضباطی صاف ہائیڈروجن فریم ورک تیار کرنے کا کام سونپا تاکہ اخراج میں کمی اور صحت کے فوائد کی پیمائش کی جا سکے۔ مزید مخصوص اقدامات میں شامل ہیں:
-صاف ہائیڈروجن کے محفوظ آپریشن کو یقینی بنانے کے لیے کوڈز اور معیارات کے جائزے اور تخلیق۔
-پسماندہ کمیونٹیز کے آلودگی پھیلانے والے بیک اپ جنریٹرز کو تبدیل کرنے میں مدد کرنے کے لیے مقامی ملکیت والے صاف ہائیڈروجن سے چلنے والے مائیکرو گرڈ حل کی حمایت کے لیے پروگرام تشکیل دینا۔
-مسابقتی درخواستوں کے ذریعے مصنوعات کی تشکیل، آزمائشی اقدام اور عملی مظاہروں میں مدد کے لیے NYSERDA ہائیڈروجن انوویشن فنڈ میں 27$ ملین کا اجراء۔
-ضلعی گرمائش اور ٹھنڈک پروگرام کے لیے صاف ہائیڈروجن کے مظاہرے۔
-ان صاف ہائیڈروجن فرمز کی معاونت کے لیے صاف ہائیڈروجن انعامی پروگرام متعارف کروانا جو ریاست نیویارک میں توسیع کرنا چاہتی ہیں۔

- نیویارک بجلی کی اتھارٹی اور امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ، بشمول کنیکٹیکٹ، مین، میساچوسٹس، نیو جرسی اور رہوڈ آئیلینڈ کے اشتراک سے، NYSERDA 60 سے زیادہ شراکت داروں کے اتحاد کی قیادت کر رہا ہے، تاکہ وفاقی 2021 بنیادی ڈھانچے کی سرمایہ کاری اور ملازمتوں کے ایکٹ ہائیڈروجن ہب (Infrastructure Investment and Jobs Act Hydrogen Hub 2021) فنڈنگ کے لیے اور علاقائی صاف ہائیڈروجن ہب کے طور پر تخصیص کے لیے ایک تجویز تیار کرے۔
- ہائیڈروجن کے موضوعات پر مزید آگاہی اور تعلیم کے لیے، NYSERDA اسٹیک ہولڈرز کی انتہائی شمولیت کی معاونت کر رہا ہے، نیویارک سٹیٹ ویبینار سیریز میں سٹیٹ آف دی سائنس میں ہائیڈروجن پر میزبانی کر رہا ہے اور ریاست نیویارک میں ہائیڈروجن کے ممکنہ کردار کے مطالعے، جائزے اور فہم و ادراک کے لیے بیرونی تنظیموں کے ایک متنوع گروپ کے ساتھ کام کرنا جاری رکھے ہوئے ہے۔

قابل تجدید ذرائع کو مارکیٹ میں اپنانے کے عمل کو تیز کرنے کے لیے، NYSERDA کا قابل تجدید اصلاح اور توانائی ذخیرہ کرنے کا اختراعی پروگرام ایسے حل اور طریقوں میں سرمایہ کاری کر رہا ہے جو بہتر کارکردگی، کم لاگت، قابل تجدید ذرائع کی میزبانی کی صلاحیت میں اضافہ اور گرڈ کے ساتھ بہتر انضمام فراہم کریں گے۔ دلچسپی کے مخصوص شعبوں میں جدید اسٹوریج سسٹمز کی تیاری شامل ہے جو ہارڈ ویئر کی لاگتوں کو کم کرتے ہیں، کارکردگی کو بہتر بناتے ہیں، تعمیراتی لاگتوں کو کم کرتے ہیں۔ دلچسپی کے دیگر شعبوں میں قابل تجدید ذرائع اور تقسیم شدہ توانائی کے وسائل کی معاشی عملداری کو بہتر بنانے کے لیے تکنیکی پیش قدمیوں کو بڑھانا اور مصنوعات کے فروغ اور عملی مظاہرے کے ذریعے انضمام کی صلاحیت اور قابل تجدید ذرائع کی میزبانی کی صلاحیت کو زیادہ سے زیادہ بڑھانا شامل ہے۔ اب تک، اس پروگرام نے NYSERDA کی 225$ ملین سے زیادہ کی سرمایہ کاری کے ساتھ 356 پروجیکٹس کی ترقی کو فعال بنایا ہے، جس سے 956$ ملین اضافی سرمایہ کاریاں اور 46 تجارتی مصنوعات حاصل ہوئی ہیں۔

NYSERDA کے ان اقدامات کے لیے فنڈنگ ریاست کے 10 سالہ، 6$ بلین صاف توانائی فنڈ کے ذریعے فراہم کی جاتی ہے۔ اس فنڈنگ کے بارے میں مزید معلومات NYSERDA کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

ریاست نیویارک کا ملک میں ممتاز آب و ہوا کا منصوبہ
نیو یارک اسٹیٹ کا ماحولیاتی ایجنڈا اس ملک ماحولیاتی اور ماحول دوست توانائی کا سب سے جارحانہ ہے، جو ماحول دوست توانائی کی جانب ایک منظم اور منصفانہ منتقلی درکار کرتا ہے جو ملازمتیں پیدا کرے گا اور نیو یارک کے COVID-19 کی عالمگیر وباء سے ابھرنے کے ساتھ ساتھ ایک ماحول دوست معیشت کی آبیاری کرنا جاری رکھے گا۔ کلائمیٹ لیڈرشپ اینڈ کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے ذریعے قانون میں شامل کر کے، نیو یارک 2040 تک اپنے اخراج سے پاک بجلی کے شعبے کی تکمیل کے لازمی ہدف کے راستے پر ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابل تجدید توانائی کی پیداوار اور تمام معیشت میں کاربن کی غیر موجودگی حاصل کرنا شامل ہیں۔ یہ صاف توانائی کو بڑھانے کے لیے نیویارک کی بے مثال سرمایہ کاری کو دوام بخشتا ہے جس میں ریاست بھر میں 120 بڑے پیمانے

پر قابل تجدید اور ترسیلی منصوبوں میں 35$ بلین سے زیادہ، عمارتوں کے اخراج کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کو بڑھانے کے لیے 1.8$ بلین، نقل و حمل کے صاف اقدامات کے لیے 1$ بلین سے زیادہ اور NY گرین بینک کے وعدوں کی مد میں 1.6$ بلین شامل ہیں۔ کل ملا کر، یہ سرمایہ کاریاں 2020 تک نیو یارک کے ماحول دوست توانائی کے شعبے میں تقریباً 158,000 ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں، جو کہ سولر کی تقسیم کے شعبے میں 2011 سے لے کر 2,100 فیصد اضافہ ہے؛ اور ایک عزم کہ غیر سمندری ہوا کے ذریعے 2035 تک 9,000 میگا واٹس تیار کریں گے۔ موسمیاتی ایکٹ کے تحت، نیویارک اس پیشرفت کو آگے بڑھائے گا اور 2050 تک گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 1990 کی سطح سے 85 فیصد تک کم کرے گا، جبکہ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاری کے 40 فیصد فوائد کے ہدف کے ساتھ کم از کم 35 فیصد کو پسماندہ کمیونٹیز تک پہنچایا جائے اور ریاست کے 2025 کے توانائی کی شاندار کارکردگی کے ہدف کی طرف پیش رفت کو بڑھائے گا جس میں سائٹ پر توانائی کی کھپت کو 185 ٹریلین BTUs توانائی کے حتمی استعمال کی بچتوں تک کم کرنا ہے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418